بدھ 27- ستمبر 2000ء

احمدی احباب کی تعلیم و تربیت کے لئے

روزنامہ

# الفضل

ایڈیٹر: عبدالسّمیع خان

PH: 0092 4524 213029

بدھ 27- ستمبر 2000ء - 28 جمادی الثانی 1421 ہجری - 27 تبوک 1379 ہش جلد 50-85 نمبر 220


## مستجاب الدعوات

حضرت انسؓ کے متعلق حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ دعا کی کہ اے اللہ انس کے مال و اولاد میں برکت دینا اور جو کچھ تو اسے عطا کرے اس میں بھی برکت ڈالنا۔ حضرت انس بیان کرتے ہیں کہ خدا نے میرے حق میں یہ دعا ایسے قبول کی کہ میرا باغ سال میں دو مرتبہ پھل دیتا ہے اور میری زندگی میں میری اولاد یعنی بیٹے بیٹیاں پوتے پوتیاں نواسے نواسیاں ملا کر اسّی سے زائد ہیں۔ حضرت انس نے 103 سال کی عمر پائی۔

(بخاری کتاب الدعوات باب دعوۃ النبی لخادمہ اسد الغابہ و اکمال زیر لفظ انس)

## ارشادات عالیہ حضرت بانی سلسلہ احمدیہ

### صفائی قلب

اللہ تعالیٰ کے ساتھ فریب اور دغا نہیں ہو سکتا۔ کوئی اس کو دھوکا نہیں دے سکتا۔ جب تک سچے اخلاص اور پوری وفاداری کے ساتھ یک رنگ ہو کر خدا تعالیٰ کا نہ بن جاوے کچھ فائدہ نہیں۔

یاد رکھو اللہ تعالیٰ کا اجتبا اور اصطفا فطرتی جوہر سے ہوتا ہے۔ ممکن ہے گذشتہ زندگی میں وہ کوئی صغائر یا کبائر رکھتا ہو لیکن جب اللہ تعالیٰ سے اس کا سچا تعلق ہو جاوے تو وہ کل خطائیں بخش دیتا ہے اور پھر اس کو کبھی شرمندہ نہیں کرتا نہ اس دنیا میں اور نہ آخرت میں۔ یہ کس قدر احسان اللہ تعالیٰ کا ہے کہ جب وہ ایک دفعہ درگذر کرتا اور عفو فرماتا ہے پھر اس کا کبھی ذکر ہی نہیں کرتا۔ اس کی پردہ پوشی فرماتا ہے۔ پھر باوجود ایسے احسانوں اور فضلوں کے بھی اگر وہ منافقانہ زندگی بسر کرے تو پھر سخت بدقسمتی اور شامت ہے۔

برکات اور فیوض الٰہی کے حصول کے واسطے دل کی صفائی کی بھی بہت بڑی ضرورت ہے۔ جب تک دل صاف نہ ہو کچھ نہیں۔ چاہئے کہ جب اللہ تعالیٰ دل پر نظر ڈالے تو اس کے کسی حصہ یا کسی گوشہ میں کوئی شعبہ نفاق کا نہ ہو۔ جب یہ حالت ہو تو پھر الٰہی نظر کے ساتھ تجلیات آتی ہیں اور معاملہ صاف ہو جاتا ہے۔ اس کے لئے ایسا وفادار اور صادق ہونا چاہئے جیسے ابراہیم علیہ السلام نے اپنا صدق دکھایا یا جس طرح پر آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے نمونہ دکھایا۔ جب انسان اس نمونہ پر قدم مارتا ہے تو وہ بابرکت آدمی ہو جاتا ہے۔ پھر دنیا کی زندگی میں کوئی ذلت نہیں اٹھاتا اور نہ تنگی رزق کی مشکلات میں مبتلا ہوتا ہے بلکہ اس پر خدا تعالیٰ کے فضل و احسان کے دروازے کھولے جاتے ہیں اور مستجاب الدعوات ہو جاتا ہے اور خدا تعالیٰ اس کو لعنتی زندگی سے ہلاک نہیں کرتا بلکہ اس کا خاتمہ بالخیر کرتا ہے۔

مختصر یہ کہ جو خدا تعالیٰ سے سچا اور کامل تعلق رکھتا ہو تو خدا تعالیٰ اس کی ساری مرادیں پوری کر دیتا ہے اسے نامراد نہیں رکھتا۔

(ملفوظات جلد سوم ص 596)

☆ ☆ ☆ ☆ ☆ ☆

## صفت احیاء موتٰی کی تجلّی

مرزا خدا بخش صاحب لکھتے ہیں۔

"قریب دو سال کا عرصہ ہوا کہ برخودار عطاء الرحمٰن جو عاجز کا اس وقت اکلوتا بیٹا تھا.... ہمارے کسی گناہ کی شامت سے وہ اچانک ایک ایسی خطرناک بیماری میں مبتلا ہو گیا کہ اس کے بچنے کی کوئی امید نہیں رہی تھی۔... اس کے ہاتھ پاؤں کی نبض ساکت ہو چکی تھی جسم بے حس و حرکت اور سرد ہو چکا تھا اور صرف گلے میں ایک آخری سانس جو نزع کے وقت زخرہ کی آواز کی سی ہوتی ہے باقی رہ گئی تھی آنکھیں اندر گھس گئی تھیں اور سفید نکل آئی تھیں اور حلقے چشم کے سیاہ ہو گئے تھے یہ حالت زار دیکھ کر اس کی والدہ پر رنج و غم سے غشی طاری ہو گئی تھی اور دانت دانت سے مل گئے تھے اور ہاتھ پاؤں اور جسم بھی سرد ہو گیا تھا مستورات کو بچہ کی موت کا خیال تو جاتا رہا اب اس کی ماں کی موت کا فکر ہو گیا حضرت اماں جان جن کو اس عاجز کی اہلیہ سے خاص انس و محبت ہے اس نظارہ کو برداشت نہ کر کے روتی ہوئی حضرت اقدس کی خدمت میں گئیں اور فرمایا کہ عطاء الرحمٰن تو مر چکا ہے لیکن اس کی ماں اس سے بھی پہلے مرتی نظر آتی ہے کوئی صورت کرنی چاہئے جس سے وہ بچ جائے حضرت اقدس کو اس حادثہ جانکاہ سے سخت صدمہ پہنچا۔

**اسی وقت دعا میں مصروف ہوئے ابھی سجدہ میں تھے کہ بچہ نے آنکھ کھول دی**

اس پر مستورات کا حوصلہ بڑھا اور جھٹ اس کی ماں کے پاؤں ملنے اور عرق گلاب چھڑکنا شروع کیا اور دانت کھولنے کی بڑی کوشش کی گئی بڑی دیر کے بعد انہوں نے آنکھ کھولی غرض اس مصیبت کے بعد اللہ تعالیٰ نے حضرت اقدس کی دعا سے دونوں ماں بیٹے کی جان از سرِ نو بخشی۔"

(عسل مصفّٰی طبع اول ص 793)

## خصوصی درخواست دعا

○ احباب جماعت سے جملہ اسیران راہ مولا کی جلد اور باعزت رہائی کے لئے دردمندانہ درخواست دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ اپنے فضل و کرم سے ان بھائیوں کو اپنی حفظ و امان میں رکھے اور ہر شر سے بچائے۔

فرخ سلطانی

نمبر 64

# دلبر مرا یہی ہے

## سیرۃ النبی صلی اللہ علیہ وسلم کے دلکش پہلو

### خوشخبری

حضرت سعد بن ابی وقاصؓ بیان کرتے ہیں کہ حجۃ الوداع کے سال مکہ میں میں بیمار پڑ گیا۔ آنحضرت ﷺ میری عیادت کے لئے تشریف لائے۔ میں نے حضورؐ کی خدمت میں اپنی بیماری کی شدت کا ذکر کرتے ہوئے عرض کیا کہ میرے پاس کافی مال ہے اور ایک بیٹی کے سوا میرا کوئی قریبی وارث نہیں۔ کیا میں اپنی جائیداد کا دو تہائی حصہ صدقہ کر دوں؟ حضورؐ نے فرمایا۔ نہیں۔ اس پر میں نے درخواست کی کہ آدھا حصہ؟ آپؐ نے فرمایا۔ نہیں۔ پھر میں نے عرض کیا کہ تیسرے حصہ کی اجازت دی جائے تو آپؐ نے فرمایا۔ ہاں' جائیداد کے تیسرے حصہ کی اجازت ہے اور اصل میں تو یہ تیسرا حصہ بھی زیادہ ہی ہے کیونکہ اپنے وارثوں کو خوشحال اور فارغ البال چھوڑ جانا اس بات سے بہتر ہے کہ وہ تنگدست اور پائی پائی کے محتاج ہوں اور لوگوں سے مانگتے پھریں تم جو بھی خدا تعالیٰ کی رضا کی خاطر خرچ کرو گے۔ وہ اپنے رشتہ دار وارثوں پر ہو یا دوسرے غرباء اور مساکین پر۔ اللہ تعالیٰ اس کا ثواب تمہیں ضرور دے گا۔ یہاں تک کہ اگر تو اللہ تعالیٰ کی خوشنودی کی غرض سے اپنی بیوی کے منہ میں لقمہ بھی ڈالے تو اس کا بھی ثواب ملے گا۔ اس قسم کی گفتگو کے بعد میں نے حسرت کے رنگ میں عرض کیا کہ شاید میری یہ بیماری جان لیوا ثابت ہو

اور میں یہیں مکہ میں دفن کیا جاؤں اور اپنے دوسرے ساتھیوں کے ساتھ واپس مدینہ نہ جا سکوں۔ اور اس طرح میری ہجرت نامکمل رہ جائے اور اس کا پورا ثواب حاصل نہ کر سکوں۔ اس پر آپؐ نے فرمایا۔ ثواب میں تم ہرگز پیچھے نہیں رہو گے۔ جو کام تم خدا تعالیٰ کی خاطر کرو گے۔ اس کی وجہ سے ثواب اور رفعت ضرور حاصل کرو گے اور شاید ظاہری لحاظ سے بھی تم پیچھے نہ رہو۔ اللہ تعالیٰ کے فضل سے کیا بعید ہے کہ وہ تمہیں شفاء دیدے اور تم ہمارے ساتھ مدینہ واپس جاؤ اور مختلف اقوام کو تم سے فائدہ پہنچے اور تیرے مقابل پر آنے والے نقصان اٹھائیں اور ناکامی کا منہ دیکھیں۔ (حضورؐ کی یہ پیشگوئی حرف بحرف صحیح ثابت ہوئی۔ اللہ تعالیٰ نے ان کو شفا دی۔ پھر قادسیہ کے ہیرو بننے اور ایران فتح کرنے کی توفیق بخشی)۔ اسی گفتگو کے تسلسل میں آنحضرت ﷺ نے دعا فرمائی کہ اے میرے خدا! تو میرے صحابہؓ کی ہجرت کے مقصد کو پورا فرما۔ یعنی وہ مدینہ کے ہی ہو رہیں۔ ایسا نہ ہو کہ جس جگہ کو چھوڑ کر گئے تھے وہیں پچھلے قدم لوٹ آئیں۔ اے سعد! تیری تو مجھے فکر نہیں' افسوس تو سعد بن خولہ کا ہے کہ وہ یہیں مکہ میں فوت ہو گئے اور واپس مدینہ نہ جا سکے۔

(بخاری کتاب الفرائض باب میراث البنات)

### شعر سنے

حضرت عمرو بن شرید اپنے والد شریدؓ سے بیان کرتے ہیں کہ انہوں نے بتایا کہ ایک مرتبہ میں آنحضرت ﷺ کے پیچھے سواری پر بیٹھا ہوا تھا۔ حضورؐ نے مجھے فرمایا کہ تمہیں امیہ بن ابی صلت کے اشعار یاد ہیں میں نے عرض کیا۔ حضورؐ یاد ہیں۔ آپؐ نے فرمایا تو کچھ سناؤ میں نے کچھ اشعار سنائے۔ حضورؐ نے مزید سنانے کا ارشاد فرمایا۔ میں نے کچھ اور اشعار سنائے حضورؐ نے فرمایا کچھ اور' میں نے حضور کو اس طرح تقریباً ایک سو شعر سنائے۔

(مسلم کتاب الشعر)

### اہل خانہ بھوکے رہے

حضرت ابو بصرہ غفاریؓ بیان کرتے ہیں کہ میں قبول اسلام سے قبل آنحضرت ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوا تو حضور نے میرے لئے بکری کا دودھ پیش کیا جو آپ کے اہل خانہ کے لئے تھا۔ حضورؐ نے مجھے سیر ہو کر وہ دودھ پلایا اور صبح میں نے اسلام قبول کر لیا۔

بعد میں مجھے پتہ لگا کہ آنحضرت ﷺ کے اہل خانہ نے وہ رات بھوکے رہ کر گزاری جبکہ اس سے پچھلی رات بھی بھوکے گزاری تھی۔

(مسند احمد بن حنبل جلد 6 ص 397)

### تعمیر مسجد نبوی

مدینہ پہنچنے کے بعد بھی حضور نے سب سے پہلے ایک مسجد کی تعمیر کی طرف توجہ فرمائی۔ خاندان بنو نجار کے دو یتیم بچوں سے زمین خریدی گئی اور شہنشاہ عالم اپنے قدوسیوں کے ساتھ پھر مزدوروں کے لباس میں آگیا۔ حضور ﷺ صحابہ کے ساتھ پتھر اٹھا اٹھا کر لاتے۔ اور صحابہ کو دعا دیتے ہوئے یہ اشعار پڑھتے۔

هذا الحمال لا حمال خيبر
هذا ابر ربنا واطهر
اللهم ان الاجر اجر الاخرة
فاغفر الانصار و المهاجرة

یعنی یہ بوجھ خیبر کے تجارتی مال کا بوجھ نہیں جو جانوروں پر لد کر آیا کرتا ہے بلکہ اے ہمارے مولیٰ یہ بوجھ تقویٰ اور طہارت کا بوجھ ہے جو ہم تیری رضا کے لئے اٹھاتے ہیں۔ اے ہمارے اللہ اصل اجر تو صرف آخرت کا اجر ہے۔ پس تو اپنے فضل سے انصار و مہاجرین پر اپنی رحمت نازل فرما۔

## احمدیہ ٹیلی ویژن انٹرنیشنل کے پروگرام

پاکستانی وقت کے مطابق

### جمعرات 28/ستمبر 2000ء

| | |
|---|---|
| 12-55 a.m. | اطفال سے ملاقات۔ (ریکارڈ: 20 ستمبر 2000ء) |
| 1-55 a.m. | مشاعل |
| 2-25 a.m. | ترجمۃ القرآن کلاس نمبر 129 |
| 3-30 a.m. | اردو اسباق نمبر 17 |
| 4-05 a.m. | تلاوت۔ خبریں۔ |
| 4-35 a.m. | چلڈرنز کارنر۔ |
| 5-05 a.m. | لقاء مع العرب۔ |
| 6-05 a.m. | اطفال سے ملاقات۔ |
| 7-10 a.m. | اردو کلاس۔ نمبر 443 |
| 8-25 a.m. | اردو اسباق |
| 8-55 a.m. | ترجمۃ القرآن کلاس نمبر 129 |
| 10-05 a.m. | تلاوت۔ خبریں۔ |
| 10-35 a.m. | چلڈرنز کارنر۔ |
| 11-05 a.m. | سندھی پروگرام۔ |
| 12-00 p.m. | مشاعل |
| 12-40 p.m. | لقاء مع العرب۔ |
| 1-40 p.m. | اردو کلاس۔ نمبر 443 |
| 3-00 p.m. | انڈونیشین سروس۔ |
| 4-05 p.m. | تلاوت۔ خبریں۔ |
| 4-35 p.m. | ترکی سیکھئے۔ |
| 5-05 p.m. | لقاء مع العرب۔ |
| 6-05 p.m. | بنگالی سروس۔ |
| 7-10 p.m. | ہومیو پیتھی کلاس نمبر 158 |
| 8-10 p.m. | چلڈرنز کارنر۔ |
| 8-55 p.m. | جرمن سروس۔ |
| 10-05 p.m. | تلاوت۔ |
| 10-15 p.m. | اردو کلاس۔ |
| 11-35 p.m. | لقاء مع العرب۔ |

### جمعہ 29/ستمبر 2000ء

| | |
|---|---|
| 12-50 a.m. | تبرکات: حضرت چوہدری محمد ظفر اللہ خان صاحب کی ایک تقریر۔ |
| 1-45 a.m. | کوئز۔ تاریخ احمدیت۔ |
| 2-20 a.m. | ہومیو پیتھی کلاس |
| 3-30 a.m. | عربی سیکھئے۔ |
| 4-05 a.m. | تلاوت۔ درس الحدیث۔ خبریں |
| 4-35 a.m. | چلڈرنز کارنر۔ |
| 4-55 a.m. | لقاء مع العرب۔ |
| 5-55 a.m. | تبرکات |
| 6-50 a.m. | اردو کلاس۔ نمبر 447 |
| 8-05 a.m. | ایم ٹی اے لائف سٹائل |
| 8-20 a.m. | ترکی سیکھئے |
| 8-50 a.m. | ہومیو پیتھی کلاس |
| 10-05 a.m. | تلاوت۔ درس الحدیث۔ خبریں۔ |
| 10-45 a.m. | چلڈرنز کارنر۔ |
| 11-05 a.m. | کوئز: تاریخ احمدیت۔ |
| 11-45 a.m. | سرائیکی پروگرام۔ |
| 12-40 p.m. | لقاء مع العرب |
| 1-40 p.m. | اردو کلاس نمبر 447 |
| 2-55 p.m. | انڈونیشین سروس۔ |
| 3-25 p.m. | بنگالی سروس۔ |
| 4-05 p.m. | تلاوت۔ درس ملفوظات۔ خبریں |
| 4-55 p.m. | نظم۔ درود شریف۔ |
| 5-00 p.m. | خطبہ جمعہ۔ (براہ راست) |
| 6-00 p.m. | دستاویزی پروگرام۔ |
| 6-25 p.m. | مجلس عرفان۔ (ریکارڈ۔ 22 ستمبر 2000ء) |
| 7-30 p.m. | خطبہ جمعہ (دوبارہ) |

### ہفتہ 30/ستمبر 2000ء

| | |
|---|---|
| 4-05 a.m. | تلاوت۔ خبریں۔ |
| 4-35 a.m. | چلڈرنز کارنر۔ |
| 5-00 a.m. | لقاء مع العرب۔ |
| 5-50 a.m. | خطبہ جمعہ۔ |
| 6-55 a.m. | اردو کلاس نمبر 448 |
| 8-20 a.m. | کمپیوٹر سب کے لئے۔ |
| 8-55 a.m. | مجلس عرفان۔ |
| 10-05 a.m. | تلاوت۔ خبریں۔ |
| 10-45 a.m | چلڈرنز کارنر۔ |
| 11-25 a.m | ایم ٹی اے ماریشس پروگرام۔ |
| 12-20 p.m. | ہفتہ وار پروگرام۔ |
| 12-35 p.m. | لقاء مع العرب۔ |
| 1-35 p.m. | اردو کلاس۔ نمبر 448 |
| 2-55 p.m | انڈونیشین سروس۔ |
| 4-05 p.m. | تلاوت۔ خبریں۔ |
| 4-40 p.m. | ڈینش سیکھئے |
| 5-10 p.m. | جرمن ملاقات (ریکارڈ: 23/ستمبر 2000ء) |
| 6-10 p.m. | بنگالی سروس۔ |
| 7-15 p.m. | کوئز: خطبات امام۔ |
| 8-00 p.m. | چلڈرنز کلاس (ریکارڈ۔ 30 ستمبر 2000ء) |
| 9-00 p.m. | جرمن سروس۔ |
| 10-05 p.m. | تلاوت۔ |
| 10-20 p.m. | اردو کلاس نمبر 449 |
| 11-40 p.m. | لقاء مع العرب۔ |

اپنا جائزہ لیجئے کہ آج آپ اور آپ کے اہلِ خانہ نے ایم ٹی اے سے نشر ہونے والے کون کون سے پروگرام دیکھے؟

پبلشر آغا سیف اللہ۔ پرنٹر قاضی منیر احمد۔ مطبع ضیاء الاسلام پریس۔ مقام اشاعت دار النصر غربی چناب نگر (ربوہ) قیمت 2 روپے 50 پیسے

مرتبہ: ڈاکٹر نصیر احمد شریف صاحب

# دل کی بیماریاں اور ان کا ہومیو پیتھی علاج

## حضرت خلیفۃ المسیح الرابع ایدہ اللہ کی کتاب "ہومیو پیتھی" کی روشنی میں

### آرسنک البم

### (Arsenic Album)

آرسنک دل کے لئے بھی اچھی ہے اس کے مریض کی نبض باریک ہوتی ہے۔ مگر باوجود کمزوری محسوس کرنے کے نبض میں تیزی اور تناؤ پائے جاتے ہیں۔ (ص96)

ایکونائٹ اور بیلاڈونا کے مریض کی نبض بھرپور اور کاربوویج کے مریض کی نبض بالکل نرم اور کمزور ہوتی ہے ذرا سا زور سے دبانے سے غائب ہو جاتی ہے۔

### ایڈرینالین Adrenalin

دل کی دھڑکن تیز ہو جاتی ہے خون کا دباؤ بڑھ جاتا ہے۔ ایک معالج کے مطابق دل کے اردگرد اور سینے کی ہڈی میں کھانا کھانے کے بعد اور چلنے سے درد ہو تو اس میں فائدہ مند ثابت ہوتی ہے۔ سینے کی گھٹن اور تنگی کے لئے بھی مفید ہے۔

رگوں کے سکڑنے کے نتیجہ میں خون کا دباؤ بڑھ جاتا ہے اس لئے بلڈ پریشر میں بھی مفید ہے (ص19)

### آرم میٹیلیکم

### Aurum Metallicum

دل کے عضلات کمزور پڑ جاتے ہیں اور جگر جواب دے جاتا ہے ایسے مریض میں یہ دونوں بیماریاں اکٹھی ملتی ہیں دل کی اندرونی جھلی میں سوزش کے نتیجہ میں دل میں درد محسوس ہوتا ہے دل پھیلنے لگتا ہے اور پھیپھڑوں میں پانی بھر جاتا ہے (ص112)

خصوصاً تیز چلنے سے دل پر خون کا دباؤ بڑھ جاتا ہے اور دل میں جکڑن اور گھٹن کا احساس ہوتا ہے۔ (ص115)

### گرائینڈیلیا

آنکھ لگتے ہی زوردار جھٹکے سے آنکھ کھل جاتی ہے (ص351) گرائینڈیلیا میں سارے جسم کو جھٹکا نہیں لگتا بلکہ محسوس ہوتا ہے کہ دل کو جھٹکا لگا ہے۔ (ص134)

### ڈیجی ٹیلس Digitalis

سوتے ہوئے جھٹکے بھی لگتے ہیں۔ یہ اعصاب اور دل کی کمزوری کی وجہ سے ہوتا ہے۔ آنکھ لگتے ہی زوردار جھٹکے سے آنکھ کھل جاتی ہے۔ غم کے نتیجہ میں دل کا حملہ ہو تو اس میں بھی ڈیجی ٹیلس مفید ہے۔ دل پھڑپھڑاتا ہے یا اچانک چلتے ہوئے بند ہوتا ہوا محسوس ہوتا ہے۔ بے انتہا بے چینی کی کیفیت پیدا ہوتی ہے۔ دل کے رکنے کا احساس ڈیجی ٹیلس کی خاص علامت ہے۔ اگر دل کی تکلیف کی وجہ سے کھانسی ہو تو اس دوا سے فائدہ ہو سکتا ہے۔ (ص351)

### کاربوویج Carboveg

کاربوویج دل کی بیماریوں میں جہاں دل کے اعصاب جواب دے رہے ہوں بہت مفید ہے یہ عموماً اعصاب کا بہترین ٹانک ہے۔ (ص243)

### کیکٹس گرینڈی فلورس

### Cactus Grandiflorus

دل پر اچانک حملہ ہوتا ہے۔ جیسے کسی نے یکلخت شکنجے میں جکڑ دیا ہو۔ دل کی بیماریوں میں خصوصاً وہ بیماریاں جن میں عضلات پھیل جائیں اور والوز (Volves) خراب ہو جائیں کیکٹس بہت مفید ثابت ہوتا ہے۔ (ص177)

یہ دوا دل کے لئے تب مفید ثابت ہوتی ہے جب تکلیف دل تک ہی محدود رہے اور وہیں جکڑن کا احساس ہو۔ (ص178)

### رسٹاکس Rhus Tox

دل کے عضلات ڈھیلے پڑ جائیں دل پھیل کر بڑا ہو جائے اور اپنے فعل میں کمزور ہونے لگے تو رسٹاکس اس تکلیف میں بہت موثر ہے۔ اگر کھلاڑیوں کا دل پھیل جائے تو ان کے لئے رسٹاکس ہی بہترین دوا ہے۔ دل کی کمزوری یا بیماری کی وجہ سے بائیں بازو میں سن ہونے کا احساس اور بڑھتی ہوئی فالجی کیفیت پیدا ہو تو اس میں بھی رسٹاکس چوٹی کی دوا ہے۔ (ص713)

### سورائینم Psorinum

عموماً دل کے اعصاب کی کمزوری شدید درد جسے لیٹنے سے آرام آئے اور دل کے اردگرد کی جھلی میں سوزش کے لئے مفید ہے۔ نبض کمزور ہوتی ہے اور بآسانی محسوس نہیں کی جا سکتی۔ (ص685)

### ایکونائیٹ Aconite

ایسا مریض جس کے دل کے دھڑکنے کی رفتار معمول سے زیادہ ہو اس کے لئے ایکونائیٹ بہت مفید ہے۔ بعض دفعہ معدے میں ہوا پیدا ہونے سے یا اعصابی کمزوری کی وجہ سے دل بہت تیزی سے دھڑکنے لگتا ہے۔ نیند بھی نہیں آتی اگر کسی چیز کا خوف ہو کوئی بری خبر سنی ہو یا امتحان دینے کے لئے جانا ہو یا کوئی ابتلاء درپیش ہو تو ہیجان سے دل کی دھڑکن تیز ہو جاتی ہے۔ ایکونائیٹ 30 یا 200 دینے سے دھڑکن معمول پر آجاتی ہے اور طبیعت پرسکون ہو جاتی ہے۔ (ص12)

### لاروسیراسس

### Laurocerasus

سانس لینے میں دشواری۔ دم گھٹنا۔ سینے کا تنگ ہونا۔ ایک دم گھٹن کا احساس جیسے دل کو کچھ ہو گیا۔ دل کے والوز کو طاقت بخشتی ہے اور دل کے خون کے نیچے اترنے کی سرسراہٹ کے احساس کے لئے بھی یہ دوا بہت مفید ہے۔ (ص555)

دل کے عضلات کو تقویت دے کر وہ کمزوری جس کے نتیجہ میں خون واپس پھیپھڑوں میں چلا جاتا ہے اسے دور کر دیتی ہے۔ دل کی کمزوری کی وجہ سے پیدا ہونے والی کھانسی جو بار بار اٹھے اس میں فائدہ دیتی ہے سپونجیا بھی ایسے مریضوں کے لئے مفید ہے۔

### لیلیم ٹگ Lilium Tigrinum

لیلیم ٹگ میں دل کی تکلیف بھی پائی جاتی ہے۔ ایسے محسوس ہوتا ہے کہ دل اچانک مٹھی میں آ کر جکڑا گیا ہے۔ جیسے شکنجہ پڑ گیا ہو (یہ علامت کیکٹس میں بھی نمایاں ہے) نبض بہت تیز اور بے قاعدہ ہوتی ہے۔ دل کے مقام پر ٹھنڈک اور بوجھ کا احساس رہتا ہے ہجوم میں اور گرم کمرے میں دم گھٹتا ہے۔ (ص567)

### فاسفورس Phosphorus

دل پر چربی کا انجماد فاسفورس کی خاص علامت ہے۔ (ص657) بائیں طرف لیٹنے سے دل کی دھڑکن بھی بہت زیادہ ہوتی ہے نبض تیز اور چھوٹی ہو جاتی ہے۔ دل میں گرمی محسوس ہوتی ہے۔ (ص660)

### ملی فولیم Millifolium

دل کی طرف خون کا دوران زیادہ ہو جائے تو اس میں بھی ملی فولیم اچھی ہے۔ (ص602) عام طور پر ایکونائیٹ فائدہ مند ہو گی لیکن ملی فولیم بھی اچھا اثر دکھاتی ہے۔

### لیکسس Lachesis

بائیں طرف دل کے پاس درد ہو اور دباؤ محسوس ہو تو یہ تکلیف دائیں طرف کولہے میں یا بن ران میں منتقل ہو سکتی ہے اور بعض دفعہ بیک وقت دونوں سمتوں کو ماؤف کر دیتی ہے (ص546)

### آرنیکا Arnica

اگر دل کا حملہ خون جمنے کی وجہ سے ہوا ہو تو آرنیکا خون کو مناسب حد تک پتلا کرتی ہے۔ (ص84)

### سپائی جیلیا Spigelia

دل کی بیماریوں سے بھی اس کا تعلق ہے دل کے پردوں کی سوزش اور دل کی تیز دھڑکن میں بہت کام آتی ہے (ص761)

سپائی جیلیا دل کی بعض بیماریوں میں بھی بہت مفید ہے۔ پیری کارڈائیٹس (Pericarditis) اور اینڈو کارڈائیٹس (Endo Carditis) دونوں میں سپائی جیلیا کام آتی ہے۔ ان کی تفصیل یہ ہے کہ پیری کارڈائیٹس دل کے اردگرد کی جھلیوں میں سوزش کو کہتے ہیں جس کی وجہ سے بخار اور سینے میں درد ہوتا ہے اور اینڈو کارڈائیٹس دل کی جھلی اور والو کی سوزش کو کہتے ہیں جو عموماً بیکٹیریا کے انفیکشن کی وجہ سے ہوتی ہے سانس لینے میں دقت ہوتی ہے بخار ہو جاتا ہے اور دل کا فعل درست نہیں رہتا۔ (ص762)

### سپونجیا ٹوسٹا Spongia Tosta

اس کا زیادہ تعلق دموی کھانسیوں اور دل کی تکالیف سے ہے۔ دل کمزور اور پھیلا سا ہو جائے۔ اس میں پوری جان نہ رہے۔ اور اعصاب ڈھیلے پڑ جائیں اس کے نتیجہ میں کھانسی اٹھتی ہے۔ (ص765)

اگر دل آہستہ آہستہ کام کرنا چھوڑنے لگے یا

یعنی تیری دعا اور تیری توجہ عالم میں تصرف کرے گی۔ اور پھر اگر تو معدوم کو موجود کرنا یا موجود کو معدوم کرنا چاہے گا تو وہی ہو جائے گا۔ اور امور خارق عادت تجھ سے ظاہر ہوں گے۔ اور تجھ کو اسرار اور علوم لدنیہ اور معارف غریبہ عطا ہوں گے جن کے لئے تو امین اور مستحق سمجھا جائے گا۔

(برکات الدعا روحانی خزائن جلد 6 حاشیہ ص 15'16ء)

## حیات جاوداں کے حصول کا راستہ

حضرت بانی سلسلہ احمدیہ نے اپنی کتاب "تحفہ بغداد" میں حضرت شیخ عبدالقادر جیلانی کا درج ذیل کلام پیش فرمایا جس میں حیات جاوداں کے حصول کا راستہ بتایا گیا ہے۔

فرماتے ہیں:-

جب تو مخلوق خدا سے اپنے تعلق پر موت وارد کرے گا تو تجھے کہا جائے گا کہ تجھ پر اللہ تعالیٰ کی رحمت ہو اور جب تیری خواہشات مرجائیں گی تو تو رضائے الٰہی کے ساتھ زندہ و باقی ہوگا اور تیرے لئے یہ کہا جائے گا کہ اللہ تعالیٰ کی تجھ پر رحمت ہو اور وہ اپنی لازوال نعمتوں کا دروازہ کھول دے اور پھر جب تو مشیت خداوندی کے احترام میں اپنے ارادوں اور آرزوؤں پر موت طاری کرے گا تو پھر کہا جائے گا کہ تجھ پر اللہ تعالیٰ رحم و کرم فرمائے اور تیری تقدیر میں اس کی طرف سے خیر و برکت ہو۔

اس وقت اللہ تعالیٰ تجھے حقیقی معنوں میں زندہ کرے گا اور تو ایسی حیات جاوداں پائے گا جس کے بعد موت نہیں اور ایسی دولت سے مالدار بنایا جائے گا جس کے بعد محتاجی نہیں اور تجھ پر ایسی بخشش اور مہر عنایت کی جائے گی جس کے بعد تنگ حالی اور رکاوٹ نہیں اور تجھے ایسی راحت و طمانیت دی جائے گی جس کے بعد عسرت اور پریشانی نہیں اور ایسا مسرور اور شادمان کیا جائے گا جس کے بعد رنج و غم نہیں اور ایسا علم دیا جائے گا جس کے بعد جہل نہیں اور ایسا امن دیا جائے گا جس کے بعد خوف نہیں اور ایسا نیک بخت بنایا جائے گا جس کے بعد بدبختی نہیں اور ایسی عزت بخشی جائے گی جس کے بعد ذلت نہیں اور ایسا مقرب بارگاہ الٰہی کیا جائے گا کہ پھر اس سے دور و مہجور نہ ہوگا اور پھر تجھے ایسا عروج عطا کیا جائے گا جس کے بعد تنزل نہیں اور ایسا پاک و معصوم کیا جائے گا کہ پھر گناہوں میں آلودہ نہ ہوگا۔

(تحفہ بغداد (عربی سے ترجمہ) روحانی خزائن جلد 7 ص 22-23)

فتوح الغیب بلاشبہ ایک عظیم کتاب ہے اور تصوف میں خصوصی اہمیت کی حامل ہے۔

اصل کتاب عربی میں ہے اور فارسی اور اردو میں اس کے تراجم کئے گئے ہیں۔

عبدالرحمان طارق کے قلم سے کیا ہوا اس کا اردو ترجمہ ادارہ اسلامیات انار کلی لاہور نے شائع کیا ہے جس کے چھوٹے سائز کے 206 صفحات ہیں۔

☆......☆......☆......☆

**کوشش کریں کہ خطبہ جمعہ آپ کے گھر کا ہر فرد سنے**

# وصایا

## ضروری نوٹ

مندرجہ ذیل وصایا مجلس کارپرداز کی منظوری سے قبل اس لئے شائع کی جارہی ہیں کہ اگر کسی شخص کو ان وصایا میں سے کسی کے متعلق کسی جہت سے کوئی اعتراض ہو تو دفتر **بہشتی مقبرہ** کو پندرہ یوم کے اندر اندر تحریری طور پر ضروری تفصیل سے آگاہ فرمائیں۔

سیکرٹری مجلس کارپرداز- ربوہ

**مسل نمبر 32949** میں بشارت احمد نسیم ولد چوہدری کمال الدین صاحب قوم راجپوت پیشہ ٹیوشن سنٹر عمر 57 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن کہکشاں کالونی ضلع فیصل آباد بقائمی ہوش و حواس بلاجبرواکراہ آج بتاریخ 28-5-2000 میں وصیت کرتا ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کے 1/10 حصہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی۔ اس وقت میری کل جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کی تفصیل حسب ذیل ہے جس کی موجودہ قیمت درج کردی گئی ہے۔ مکان والد مرحوم برقبہ 10 مرلہ واقع شام گنج مردان شہر مالیتی-/700000 روپے۔ جس کے شرعی وارث سات بھائی اور تین بہنیں ہیں۔ اس وقت مجھے مبلغ-/2000 روپے ماہوار بصورت ٹیوشن سنٹر مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتا رہوں گا۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتا رہوں گا۔ اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جائے۔ العبد بشارت احمد نسیم ساکن کہکشاں کالونی سمندری ضلع فیصل آباد گواہ شد نمبر 1 لئیق احمد مشتاق مربی سلسلہ وصیت نمبر 28132 گواہ شد نمبر 2 ایاز احمد نسیم مسل نمبر 32950 پسر موصی۔

☆ ☆ ☆ ☆ ☆ ☆

**مسل نمبر 32950** میں ایاز احمد ولد بشارت احمد نسیم قوم راجپوت پیشہ طالب علمی عمر 20 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن کہکشاں کالونی سمندری ضلع فیصل آباد بقائمی ہوش و حواس بلاجبرواکراہ آج بتاریخ 28-5-2000 میں وصیت کرتا ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کے 1/10 حصہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی۔ اس وقت میری جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کوئی نہیں ہے۔ اس وقت مجھے مبلغ-/200 روپے ماہوار بصورت جیب خرچ مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتا رہوں گا۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتا رہوں گا۔ اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جائے۔ العبد ایاز احمد ساکن کہکشاں کالونی سمندری ضلع فیصل آباد گواہ شد نمبر 1 لئیق احمد مشتاق مربی سلسلہ وصیت نمبر 28132 گواہ شد نمبر 2 بشارت احمد نسیم والد موصی مسل نمبر 32949۔

☆ ☆ ☆ ☆ ☆ ☆

**مسل نمبر 32961** میں مقصود احمد رانا ولد محمد طفیل رانا قوم راجپوت پیشہ ملازمت عمر 62 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن علی پور چٹھہ ضلع گوجرانوالہ بقائمی ہوش و حواس بلاجبرواکراہ آج بتاریخ 12-4-2000 میں وصیت کرتا ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کے 1/10 حصہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی۔ اس وقت میری کل جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کی تفصیل حسب ذیل ہے جس کی موجودہ قیمت درج کردی گئی ہے۔ 1- زرعی زمین برقبہ 4 ایکڑ مالیتی-/693000 روپے۔ 2- مکان نمبر 4/61 برقبہ 7 مرلہ واقع دارالعلوم وسطی ربوہ مالیتی-/400000 روپے۔ اس وقت مجھے مبلغ-/3121 روپے ماہوار بصورت پنشن مل رہے ہیں۔ اور مبلغ-/30000 روپے سالانہ آمد از جائیداد بالا ہے۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتا رہوں گا۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتا رہوں گا۔ اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میں اقرار کرتا ہوں کہ اپنی جائیداد کی آمد پر حصہ آمد بشرح چندہ عام تازیست حسب قواعد صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ کو ادا کرتا رہوں گا میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جائے۔ العبد مقصود احمد رانا رانا ٹریڈرز ریلوے روڈ علی پور چٹھہ ضلع گوجرانوالہ گواہ شد نمبر 1 پروفیسر علم دین وصیت نمبر 18295 گواہ شد نمبر 2 ڈاکٹر محمد اسلم وصیت نمبر 26316۔

☆ ☆ ☆ ☆ ☆ ☆

**مسل نمبر 32962** میں قیصر محمود طاہر مربی سلسلہ ولد محمد اشرف صاحب قوم کھوکھر پیشہ واقف زندگی عمر 24 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن تلونڈی کھجوروالی ضلع گوجرانوالہ حال چک 18 ہوڑو ضلع شیخوپورہ بقائمی ہوش و حواس بلاجبرواکراہ آج بتاریخ 14-6-2000 میں وصیت کرتا ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کے 1/10 حصہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی۔ اس وقت میری جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کوئی نہیں ہے۔ اس وقت مجھے مبلغ-/2900 روپے ماہوار بصورت گزارہ الاؤنس مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتا رہوں گا۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتا رہوں گا۔ اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جائے۔ العبد قیصر محمود طاہر مربی سلسلہ چک نمبر 18 ہوڑو ضلع شیخوپورہ گواہ شد نمبر 1 جاوید احمد جاوید وصیت نمبر 22471 گواہ شد نمبر 2 حافظ مبارک احمد ثانی وصیت نمبر 29967۔

☆ ☆ ☆ ☆ ☆ ☆

**مسل نمبر 32963** میں چوہدری محمد ابراہیم ولد چوہدری شاہ محمد صاحب قوم وڑائچ پیشہ تجارت عمر 60 سال بیعت 1953ء ساکن 21/26 دارالرحمت شرقی ربوہ بقائمی ہوش و حواس بلاجبرواکراہ آج بتاریخ 1-5-2000 میں وصیت کرتا ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کے 1/10 حصہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی۔ اس وقت میری کل جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کی تفصیل حسب ذیل ہے جس کی موجودہ قیمت درج کر دی گئی ہے۔ 1- مکان نمبر 20-21/26 برقبہ...... جس میں میرا حصہ 11 مرلہ ہے واقع دارالرحمت شرقی (ب) مالیتی اندازاً-/700000 روپے۔ اس وقت مجھے مبلغ-/5000+5000 روپے ماہوار بصورت تجارت و پسران مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتا رہوں گا۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتا رہوں گا۔ اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جائے۔ العبد چوہدری محمد ابراہیم 21/26 دارالرحمت شرقی ربوہ گواہ شد نمبر 1 محمد رفیع جنجوعہ سیکرٹری تحریک جدید دارالرحمت شرقی (ب) ربوہ گواہ شد نمبر 2 نذیر احمد باجوہ سیکرٹری مال دارالرحمت شرقی (ب) ربوہ۔

☆ ☆ ☆ ☆ ☆ ☆

**مسل نمبر 32964** میں منظوراں بی بی زوجہ چوہدری محمد ابراہیم صاحب قوم وڑائچ پیشہ خانہ داری عمر 58 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن مکان نمبر 20-21/26 دارالرحمت شرقی ربوہ بقائمی ہوش و حواس بلاجبرواکراہ آج بتاریخ 1-5-2000 میں وصیت کرتی ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کے 1/10 حصہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی۔ اس وقت میری کل جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کی تفصیل حسب ذیل ہے جس کی موجودہ قیمت درج کر دی گئی ہے۔ 1- مکان نمبر 20-21/26 برقبہ...... جس میں 10 مرلہ کی مالکہ ہوں واقع دارالرحمت شرقی (ب) ربوہ مالیتی-/600000 روپے۔ 2-

باقی صفحہ 7 پر

# ملکی خبریں

## قومی ذرائع ابلاغ سے

ربوہ : 26 ستمبر۔ گذشتہ چوبیس گھنٹوں میں کم سے کم درجہ حرارت 20 درجے سنٹی گریڈ زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت 36 درجے سنٹی گریڈ
بدھ 27۔ ستمبر۔ غروب آفتاب۔ 6-02
جمعرات 28۔ ستمبر۔ طلوع فجر۔ 4-36
جمعرات 28۔ ستمبر۔ طلوع آفتاب 5-58

### حیدر آباد جیل میں دوسرے روز بھی ہنگامے

حیدر آباد جیل میں دوسرے روز بھی ہنگامے جاری رہے۔ بپھرے ہوئے قیدیوں کو کنٹرول کرنے کی کوششیں ناکام رہیں۔ جیل میں بکتر بند گاڑی جلادی گئی۔ پولیس نے قیدیوں پر سیدھی فائرنگ کر دی 1600 قیدیوں اور انتظامیہ کے درمیان جھڑپوں نے باقاعدہ جنگ کی صورت اختیار کرلی۔ قیدیوں نے اپنی کھولیوں کی دیواریں اور بیرکوں کے تالے توڑ ڈالے اور چاندنی چوک میں جمع ہو گئے۔ قابو پانے کے لئے رینجرز بلانے پڑے۔ جھڑپوں میں ڈپٹی سپرنٹنڈنٹ سمیت 6 اہلکار اور دو درجن سے زائد قیدی زخمی ہو گئے۔ قیدیوں نے آنسو گیس کے شیل واپس پولیس اہلکاروں پر دے مارے جس سے پوری جیل آنسو گیس کے دھوئیں سے بھر گئی۔ ایس پی سمیت پولیس اہلکاروں کی حالت غیر ہو گئی۔

### کرپشن کے ملزمان حوالے کر دیں گے

امریکی انتظامیہ نے حکومت پاکستان کے نام ایک خط میں اطلاع دی ہے کہ کرپشن میں ملوث مفرور پاکستان کے حوالے کر دیں گے۔ مقدمات میں مطلوب افراد کو امریکی قانون کے دائرہ کار میں رہتے ہوئے پاکستان کے حوالے کرنے کو تیار ہیں۔

### اسرائیل پر امن حل کا مشورہ دے گا

وزیر خارجہ عبدالستار نے بتایا کہ کشمیریوں کی جدوجہد آزادی کو دبانے کیلئے بھارت نے اسرائیل کے ماہرین طلب کر لئے ہیں۔ وزیر خارجہ نے کہا کہ اسرائیل کشمیریوں کو دبانے میں مدد دینے کی بجائے مسئلہ کے پر امن حل کا مشورہ دے۔ اسرائیل خود تسلیم کر چکا ہے کہ جبر و تشدد عصری تقاضوں کے مطابق نہیں۔ امن کا طریقہ فلسطینیوں کے ساتھ اسرائیلی تجربے کا حصہ ہے۔

### ماضی بھولنے کا معاہدہ کیا گیا تھا

حکومت پاکستان نے بنگلہ دیش حکومت کو ایک مراسلہ بھجوایا ہے جس میں بنگلہ دیش حکومت کو یاد دلایا گیا ہے شیخ مجیب الرحمان نے بنگلہ دیش کے وزیر اعظم ہونے کی حیثیت سے 9۔ اپریل 1974ء کو ایک معاہدہ کیا تھا جس میں انہوں نے پاکستان کے ساتھ ماضی کو بھولنے کا عہد کیا تھا۔

وزیر خارجہ پاکستان نے کہا کہ 1971ء کے واقعات کربناک تھے۔ اس میں مبالغہ نہیں کرنا چاہئے۔

### ثبوت ملنا مشکل ہے

وزیر اطلاعات جاوید جبار نے کہا ہے کہ کرپشن کے ثبوت ملنا مشکل ہیں۔ کوئی حکومت عوامی توقعات پر پورا نہیں اتر سکتی۔ کرپٹ افراد کے خلاف ہر سطح پر مواد موجود ہے۔ لیکن مکمل گرفت کیلئے ثبوت نہیں ہے۔ انہوں نے کہا کہ مہنگائی چیف ایگزیکٹو کو بھی اتنی ہی بری لگتی ہے جتنی عوام کو۔

### جرنیل کمیشن خور ہوں تو......

امیر جماعت اسلامی قاضی حسین احمد نے کہا ہے کہ سپریم کورٹ فوج کو دی گئی مہلت پر نظر ثانی کرے۔ انہوں نے کہا کہ جب جرنیل کمیشن خور ہوں تو ملک توڑنے کیلئے دشمن کی ضرورت نہیں۔ جرنیلوں کی جانب سے پلاٹ حاصل کرنے کے واقعات سے عوام میں منفی جذبات پیدا ہو چکے ہیں۔

☆ ☆ ☆ ☆ ☆ ☆


رجسٹرڈ
سچی بوٹی کی گولیاں
ناصر دواخانہ
گولبازار ربوہ۔ فون 211434-212434

بھٹی ہومیوپیتھک کلینک اینڈ سٹورز (اوقات آجکل)
صبح 9 تا 2 اقصیٰ چوک برلب الصادق اکیڈمی روڈ
شام 5 تا 9 بجے رحمت بازار
بفضل خدا کامیاب اور سستا علاج

سر درد۔ پٹھوں کے کھچاؤ۔ بے چینی۔ مایوسی۔ وہم۔ ہسٹیریا۔ نیز مرگی کا علاج کیا جاتا ہے۔
ڈاکٹر مبین الحق خان فزیشن
طارق مارکیٹ اقصیٰ چوک ربوہ۔ فون 211946

خدا کے فضل اور رحم کے ساتھ
کراچی میں اعلیٰ زیورات خریدنے کے لیے معروف نام
الرّحیم جیولرز حیدری اور الرّحیم نو جیولرز حیدری
اور اب
الرّحیم سیون سٹار جیولرز
مین کلفٹن روڈ
مہران شاپنگ سینٹر
کہکشاں بلاک نمبر 8
کلفٹن کراچی
فون 5874164 - 664-0231


رجسٹرڈ سی پی ایل نمبر 61